قرض وصولی کی عمومی اصطلاحات کی لغت	**Glossary of Common Debt Collection Terms**
انگریزی ↔ *اردو*	English ↔ *Urdu*
مارچ 2026	March 2026

Consumer and Worker Protection

Introduction

The Department of Consumer and Worker Protection (DCWP) licenses and regulates businesses that collect personal debt from consumers living in New York City. DCWP also enforces laws and rules to protect consumers from abusive debt collection practices.

To help consumers during the debt collection process, DCWP created this glossary. It includes terms that are often used in debt collection communications. The glossary also contains references (laws, agencies) that are important for consumers to know. Bilingual glossaries in the top 10 languages spoken by New Yorkers are available at **nyc.gov/dcwp**.

Note:

- Italicized words in descriptions indicate words that are defined elsewhere in this glossary.
- The headings also include:
  - Related headings in bold for further clarification. (For example, “See **heading** also”.)
  - Headings in bold which refer to the full definition of a term. (For example, “See **heading**”.)
  - Alternate headings in italics. (For example, “Also *term*”.)
- Unless stated otherwise, all descriptions reflect New York City laws and regulations.
- This glossary is not intended to be legal advice.
- Consumers can file a complaint against a debt collector by visiting **nyc.gov/consumers** or calling 311.

تعارف

محکمۂ صارفین اور تحفظ کارکنان (DCWP) ان کاروباروں کو لائسنس جاری کرتا ہے اور ضابطے میں لاتا ہے جو نیو یارک شہر میں رہنے والے صارفین سے ذاتی قرض وصول کرتے ہیں۔ DCWP صارفین کو غلط قرض وصولی کے طریقوں سے بچانے کے لیے قوانین اور ضوابط بھی نافذ کرتا ہے۔

قرض وصولی کے عمل کے دوران صارفین کی مدد کے لیے، DCWP نے یہ لغت تیار کی۔ اس میں وہ اصطلاحات شامل ہیں جو اکثر قرض وصولی کی مواصلات میں استعمال ہوتی ہیں۔ لغت میں وہ حوالہ جات (قوانین، ایجنسیاں) بھی شامل ہیں جو صارفین کے لیے جاننا ضروری ہیں۔ نیو یارک کے باشندوں کی طرف سے بولی جانے والی سرفہرست 10 زبانوں کی دو لسانی لغات **nyc.gov/dcwp** پر دستیاب ہیں۔

نوٹ:

- تفصیلات میں ترچھے الفاظ ان الفاظ کی نشاندہی کرتے ہیں جو اس لغت میں کہیں اور بیان کیے گئے ہیں۔
- عنوانات میں یہ بھی شامل ہیں:
  - مزید وضاحت کے لیے متعلقہ عنوانات بولڈ میں دیے گئے ہیں۔ (مثال کے طور پر، "**عنوان** بھی دیکھیں"۔)
  - بولڈ میں عنوانات جو اصطلاح کی مکمل تعریف کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ (مثال کے طور پر، "**عنوان** دیکھیں"۔)
  - متبادل عنوانات ترچھے حروف میں۔ (مثال کے طور پر، "مزید *اصطلاح*"۔)
- جب تک کہ مختلف طور پر بیان نہ کیا گیا ہو، تمام تفصیلات نیو یارک شہر کے قوانین اور ضوابط کی عکاسی کرتی ہیں۔
- یہ لغت قانونی مشورہ دینے کے لیے نہیں ہے۔
- صارفین **nyc.gov/consumers** پر جا کر یا 311 پر کال کر کے قرض وصول کرنے والے کے خلاف شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

لغت / Glossary

A

غیر مہذب زبان گالیاں (یا ناشائستہ الفاظ)، تحقیر آمیز زبان، توہین آمیز یا جارحانہ زبان۔ *قرض وصول کنندہ قرض* وصول کرنے کی کوشش کرتے ہوئے غیر مہذب زبان استعمال نہیں کرے گا۔ یہ بات تحریری مواصلات یا صارفین سے بات کرتے وقت بھی لاگو ہوتی ہے۔	**Abusive language** Swear words (or curse words), derogatory language, insults or offensive language. A *debt collector* may not use abusive language when attempting to collect a *debt*. This applies to communication in writing or when speaking to consumers.
اکاؤنٹ کسی مخصوص صارف کے قرض کا ریکارڈ یا فائل جو *اصل قرض دہندہ* یا *قرض وصول کنندہ* کے ذریعے محفوظ کیا جاتا ہے۔	**Account** A record or file of a specific consumer's *debt* maintained by the *original creditor* or *debt collector*.
جمع شدہ سود *سود* کی وہ رقم جو پہلے ہی قرض میں شامل ہو چکی ہے، *جس سے* قرض لینے والے کی کل رقم بڑھ جاتی ہے۔ صارفین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ *قرض کی تفصیلی فہرست* حاصل کریں جس میں قرض کی رقم میں جمع شدہ سود یا فیسیں شامل کی گئی ہوں۔	**Accrued interest** The amount of *interest* already added to a *debt,* increasing the total amount of money a borrower owes. Consumers have the right to receive an *itemization of a debt* that shows accrued interest or fees added to the amount of the debt.
جواب (فیصلہ، قانونی شکایت، اور **مقدمہ** بھی دیکھیں) ایک ایسی قانونی دستاویز جو صارف (کیس میں مدعا علیہ) کو قرض کے مالک یا وصول کنندہ *(کیس کے مدعی)* کی طرف سے دائر کردہ سمن یا *قانونی شکایت* کے جواب میں جمع کروانا ہوتی ہے۔ جواب میں یہ بیان کیا جائے گا کہ مدعا علیہ/صارف دعوؤں سے اتفاق کرتا ہے یا نہیں، اور اس میں کوئی دفاع درج ہو گا۔ اگر آپ کو کوئی سمن یا قانونی شکایت موصول ہو تو فوری طور پر قانونی مدد حاصل کرنا ضروری ہے۔ اگر مدعا علیہ/صارف سمن یا قانونی شکایت موصول ہونے کے بعد جواب جمع نہیں کرتا، تو عدالت مدعا علیہ/صارف کے خلاف *ڈیفالٹ فیصلہ* دے سکتی ہے۔	**Answer** (See **Judgment, Legal Complaint**, and **Lawsuit** also) A legal document that a consumer (a Defendant in a case) must file in response to a Summons or *Legal Complaint* filed by the owner or collector of the *debt* (the Plaintiff in the case). The Answer will state whether the Defendant/consumer agrees or disagrees with the claims and list any defenses. It is important to seek legal help immediately if you receive a summons or Legal Complaint. If the Defendant/consumer does not file an Answer after receiving a Summons or Legal Complaint, the court may enter a *default judgment* against the Defendant/consumer.
بقایا جات *قرض* کی حیثیت جو ادا نہ ہو اور جس کی ادائیگی کی مقررہ مدت گزر گئی ہو۔ غیر ادا شدہ *اکاؤنٹس* کو اکثر "بقایاجات میں" شمار کیا جاتا ہے۔	**Arrears** The status of a *debt* that is unpaid and overdue. Delinquent *accounts* are often referred to as "in arrears".
تفویض جب کوئی *قرض دہندہ* یا قرض کا مالک *قرض* وصول کرنے کا حق کسی دوسری کمپنی کو بیچتا یا منتقل کرتا ہے، جیسے کہ *قرض خریدنے والا*۔	**Assignment** When a *creditor* or debt owner sells or transfers the right to collect a *debt* to another company, such as a *debt buyer*.

B

دیوالیہ پن سے بری الذمہ قرار دیا جانا ایک عدالتی حکم جس میں کہا گیا ہو کہ صارف کو *قرض* ادا کرنے کی ضرورت نہیں۔ *قرض دہندگان* یا *قرض وصول کنندگان* اب مزید قرض وصول کرنے کی کوشش نہیں کر سکتے۔	**Bankruptcy discharge** A court order stating that the consumer does not have to pay a *debt.* C*reditors* or *debt collectors* may no longer attempt to collect the debt.

C

رابطہ ختم کرنے کی درخواست یہ *قرض وصول کنندہ* کو اطلاع دیتا ہے کہ وہ *قرض* کے سلسلے میں صارف سے مزید رابطہ روک دے۔ صارفین یہ درخواست کسی بھی وقت فون یا تحریری طور پر کر سکتے ہیں۔	**Cease contact request** This informs a *debt collector* to stop any further contact with the consumer about a *debt*. Consumers may make this request by phone or in writing at any time.[*]
قرض کی منسوخی جب *قرض دہندہ* کسی *قرض* کو بلنگ کے معمول کے طریقۂ کار کے ذریعے وصول نہ ہونے کے امکان پر رائٹ آف کر دیتا ہے۔ قرض اب بھی واجب الادا ہے اور اسے *وصولی کے عمل (کلیکشنز)* کے لیے بھیجا جا سکتا ہے، فروخت کیا جا سکتا ہے، منتقل کیا جا سکتا ہے یا قانونی طور پر وصول کیا جا سکتا ہے۔ یہ صارف کی *کریڈٹ رپورٹ* پر بھی ظاہر ہو سکتا ہے۔	**Charge off** When a *creditor* writes off a *debt* as unlikely to be collected through normal billing practices. The debt is still owed and may be sent to *collections*, sold, transferred or pursued legally. It may also appear on the consumer's *credit report*.
وصولی کا عمل (**قرض کی منسوخی** بھی دیکھیں) بقایا *قرض* وصول کرنے کی کوشش کا عمل۔ وصولی کا عمل *اصل قرض دہندہ*، کسی قرض وصولی کی ایجنسی، اس *قرض کو خریدنے والے خریدار*، یا کسی اٹارنی/قانونی فرم کے ذریعے انجام دیا جا سکتا ہے۔	**Collections** (See **Charge off** also) The process of attempting to collect on an overdue *debt*. Collections may be handled by the *original creditor*, a *debt collection agency*, a *debt buyer* who has acquired that debt, or an attorney/law firm.
وصولی سے متعلق مواصلات (**مواصلاتی انکشافات**، اور **رابطہ ختم کرنے کی درخواست** بھی دیکھیں) *قرض وصول کنندہ* کی جانب سے فون کالز، خطوط، ای میلز یا ٹیکسٹس۔ نیو یارک شہر میں، قرض وصول کنندہ صارف سے سات دن کی مدت میں زیادہ سے زیادہ تین بار[*] رابطہ کر سکتا ہے جب تک: • رابطہ ٹیلی فون یا الیکٹرانک ذرائع سے ہوتا ہے، جیسے ای میل، ٹیکسٹ یا فوری پیغام کے ذریعے؛ • رابطہ صرف صبح 8:00 بجے سے رات 9:00 بجےایسٹرن ٹائم (ET) کے درمیان ہوتا ہے؛ اور • صارف نے کوئی جواب نہیں دیا ہوتا۔ اگر صارف جواب دے، تو قرض وصول کنندہ صارف کو جواب دے سکتا ہے اور یہ تین مرتبہ کی حد میں شمار نہیں ہو گا۔ امریکی ڈاک کے ذریعے قرض وصول کنندہ صارف کو جتنے چاہے وصولی کے خطوط بھیج سکتا ہے، اس پر کوئی حد مقرر نہیں ہے۔[†]	**Collection Communications** (See **Communication disclosures**, and **Cease contact request** also) Phone calls, letters, emails, or texts from a *debt collector*. In New York City, a debt collector may contact a consumer no more than three times[*] in a seven-day period as long as: • contact is by telephone or electronic means, such as email, texts or instant message; • contact is only made between 8:00 a.m. and 9:00 p.m. Eastern Time (ET); and • consumer did not respond. If a consumer does respond, a debt collector may reply to the consumer without that counting towards the three-time limit. There is no limit on the number of collection letters a debt collector can send to a consumer via U.S. mail.[†]

[*] Takes effect on September 1, 2026.
(1 ستمبر 2026 کو نافذ العمل ہو گا۔)

[†] Takes effect on September 1, 2026. Before the effective date, a debt collector may contact a consumer no more than two times a week.
(یہ 1 ستمبر 2026 سے نافذ العمل ہو گا۔ نافذ ہونے کی تاریخ سے پہلے، قرض وصول کنندہ صارف سے ہفتے میں دو مرتبہ سے زیادہ رابطہ نہیں کر سکتا۔)

وصولی کی فیس (قرض کی تفصیلی فہرست بھی دیکھیں) وہ فیس (یا چارج) جو *قرض وصول کنندہ* صارف سے وصولی کی کوشش کے دوران اصل رقم پر لگاتا ہے۔ وصول کنندگان صرف اسی صورت میں فیس شامل کر سکتے ہیں جب *قرض* کا اصل معاہدہ ان فیسوں کی اجازت دیتا ہو، یا قانون کے تحت اجازت ہو۔	**Collection fees** (See **Itemization of a debt** also) A fee (or charge) that a *debt collector* adds to the amount it attempts to collect from a consumer. Collectors may only add fees if the original contract creating the *debt* permitted those fees, or if allowed by law.
مواصلاتی انکشافات (**وصولی کے عمل سے متعلق مواصلات** بھی دیکھیں) وہ معلومات جو قرض وصول کنندگان کو کسی بھی *وصولی کے عمل سے متعلق مواصلات* میں صارفین کو لازماً ظاہر کرنی ہوتی ہیں۔ تمام خطوط اور صارفین کے ساتھ گفتگو میں، قرض وصول کنندگان کو لازماً درج ذیل انکشافات کرنے ہوں گے: • کہ یہ مواصلت قرض وصول کنندہ کی طرف سے ہے اور *قرض* وصول کرنے کی کوشش ہے؛ • آیا مواصلت فون کال پر ریکارڈ کی جا رہی ہے؛[*] • کہ صارف کی فراہم کردہ کوئی بھی معلومات اس قرض کی وصولی کے لیے استعمال کی جا سکتی ہیں؛ • قرض سے متعلق مخصوص تفصیلات، جیسے *اصل قرض دہندہ* کا نام اور مواصلات کے وقت قرض کی رقم؛ • قرض وصول کنندہ کو جواب دینے کے لیے رابطے کی معلومات، بشمول کال بیک نمبر اور اس شخص کا نام جس سے رابطہ کرنا ہے[*]؛ اور • *قرض وصولی کی ایجنسی کا DCWP لائسنس نمبر (صرف صارفین کو بھیجے گئے خطوط میں شامل کرنا لازمی ہے)۔*	**Communication disclosures** (See **Collection communications** also) Information that must be disclosed to consumers by *debt collectors* in any *collection communications*. In all letters and conversations with consumers, debt collectors must disclose: • that the communication is from a debt collector and is an attempt to collect a *debt*; • whether the communication is being recorded on a phone call;[*] • that any information the consumer provides may be used to collect that debt; • specific details about the debt, such as the name of the *original creditor* and the amount of the debt at the time of the communication; • contact information for responding to the debt collector, including a callback number and the name of the person to contact[*]; and • the *debt collection agency's DCWP license number* (only required to be included in letters to consumers).
صارفی رپورٹنگ ایجنسی (CRA) (**کریڈٹ بیورو** دیکھیں)	**Consumer Reporting Agency (CRA)** (See **Credit Bureau**)
کریڈٹ بیورو (صارفی رپورٹنگ ایجنسی بھی دیکھیں) ایک نجی کمپنی جو صارفین کی *کریڈٹ* معلومات جمع کرتی ہے، انہیں شیئر کرتی ہے اور *کریڈٹ رپورٹس* میں دستیاب بناتی ہے۔ امریکہ میں اصل کریڈٹ بیوروز Equifax، Experian اور TransUnion ہیں۔ *منصفانہ کریڈٹ رپورٹنگ کے ایکٹ* کے تحت، صارفین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی کریڈٹ رپورٹس میں غلط معلومات سے اختلاف کریں، بشمول اس صورت میں جب وہ شناختی چوری کا شکار ہوئی ہوں۔	**Credit bureau** (See **Consumer Reporting Agency** also) A private company that collects and shares consumer *credit* information and makes it available on *credit reports*. The main credit bureaus in the U.S. are Equifax, Experian, and TransUnion. Under the *Fair Credit Reporting Act*, consumers have the right to dispute incorrect information on their credit reports, including if they have been a victim of identity theft.
کریڈٹ رپورٹ صارف کی کریڈٹ اور ادائیگی کی ہسٹری کا ریکارڈ۔ *منصفانہ اور درست کریڈٹ ٹرانزیکشن کے ایکٹ* کے تحت، صارفین ہر کریڈٹ بیورو سے اپنی کریڈٹ رپورٹ کی مفت ہفتہ وار آن لائن نقل **AnnualCreditReport.com** پر حاصل کر سکتے ہیں۔	**Credit report** A record of a consumer's credit and payment history. Under the *Fair and Accurate Credit Transaction Act,* consumers can get a free weekly online copy of their credit report from each *credit bureau* at **AnnualCreditReport.com**.

[*] Takes effect on September 1, 2026. Before the effective date, only debt collection agencies must disclose this information.
(1 ستمبر 2026 کو نافذ العمل ہو گا۔ نافذ ہونے کی تاریخ سے پہلے، صرف قرض وصول کرنے والی ایجنسیاں ان معلومات کو ظاہر کرنے کی پابند ہیں۔)

قرض وصول کنندگان کو لازماً صارفین کو تحریری اطلاع بھیجنی چاہیئے، اس سے پہلے کہ وہ کریڈٹ بیورو کو کریڈٹ رپورٹ میں کسی منفی قرض کی معلومات فراہم کریں۔ انہیں صارفین کو یہ بھی اطلاع دینا بھی ضروری ہے کہ ان کا ڈیٹا کریڈٹ بیورو کے ساتھ شیئر کیا جائے گا۔	*Debt collectors* must send consumers a written notice before reporting any negative debt information in their credit report to the credit bureau. They must also inform consumers that their data will be shared with the credit bureau.
قرض دہندہ (**اصل قرض دہندہ** اور **موجودہ قرض دہندہ** بھی دیکھیں) وہ شخص، کمپنی یا ادارہ ہے جو **قرض کی ملکیت کا دعویٰ کرتا ہے۔** ایک *قرض دہندہ قرض* کو خود وصول کر سکتا ہے، یا قرض وصول کرنے کی کوشش کے لیے تیسرے فریق کے *قرض وصول کنندگان* کو استعمال کر سکتا ہے۔	**Creditor** (See **Original creditor** and **Current creditor** also) A person, company, or entity who claims ownership of the *debt*. A creditor may collect debt on its own, or use third-party *debt collectors* to attempt to collect a debt.
موجودہ بیلنس (*بقایا بیلنس* بھی دیکھیں) کل رقم جسے واجب الادا قرار دیا گیا ہے۔ صارفین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ قرض کی تفصیلی فہرست طلب کریں جو موجودہ یا *بقایا بیلنس* کو ظاہر کرتی ہو۔	**Current balance** (Also *Outstanding balance*) The total amount claimed to be owed. Consumers have a right to request an *itemization of a debt* that shows the current or *outstanding balance*.
موجودہ قرض دہندہ (**قرض دہندہ** بھی دیکھیں) وہ شخص یا کاروباری ادارہ جو فی الحال *قرض* کا مالک ہے اور اسے وصول کرنے کا حق رکھتا ہے۔	**Current creditor** (See **Creditor** also) A person or business that currently owns the *debt* and may collect it.

D

DCWP لائسنس نمبر ایک ایسا نمبر جو DCWP کی جانب سے ان نجی کمپنیوں یا تنظیموں کو دیا جاتا ہے جو نیویارک شہر میں بطور لائسنس یافتہ قرض وصولی کی ایجنسیاں رجسٹرڈ ہیں۔ لائسنس یافتہ *قرض وصولی کی ایجنسیاں* صارف کے ساتھ تمام *وصولی سے متعلق مواصلات* میں اپنا DCWP لائسنس نمبر فراہم کرنے کی پابند ہیں۔ ریاست کے اندر اور ریاست سے باہر کی قرض وصولی کی ایجنسیاں لازماً فعال DCWP لائسنس رکھتی ہوں اور نیویارک شہر کے قوانین و ضوابط کی پابندی کریں۔ یہ جانچنے کے لیے کہ کوئی قرض وصولی کی ایجنسی لائسنس یافتہ ہے یا نہیں، صارفین درج ذیل اقدامات کر سکتے ہیں: • nyc.gov/consumers ملاحظہ کریں۔ • 311 پر رابطہ کریں (NYC سے باہر کے لیے 212-NEW-YORK) اور کہیں "Business Background Check" (بزنس بیک گراؤنڈ چیک)۔	**DCWP license number** A number assigned by DCWP to private companies or organizations registered with the City of New York as licensed *debt collection agencies*. Licensed debt collection agencies must provide their DCWP license number in all *collection communications* with the consumer. In-state and out-of-state debt collection agencies must possess an active DCWP license and comply with New York City laws and regulations. To check if a debt collection agency is licensed, consumers can: • Visit nyc.gov/consumers. • Contact 311 (212-NEW-YORK outside NYC) and say "Business Background Check."
قرض (**وصولی کا عمل** بھی دیکھیں) وہ رقم جو صارف پر واجب الادا ہے یا جسے *قرض دہندہ* یا قرض کے مالک کے نزدیک واجب الادا قرار دیا گیا ہے۔ صارفین کا قرض اس رقم کو کہا جاتا ہے جو ذاتی، خاندانی یا گھریلو مقاصد کے لیے لی گئی ہو۔ اس میں کریڈٹ کارڈز، کار کے لونز، طبی بل، طالب علم کے لونز، مورگیجز، اور دیگر گھریلو قرضے شامل ہیں۔	**Debt** (See **Collections** also) The money a consumer owes, or is alleged to owe, to a *creditor* or owner of the *debt*. Consumer debt refers to money owed for personal, family, or household purposes. This includes credit cards, car loans, medical bills, student loans, mortgages, and other household debts.

قرض کا خریدار (*قرض وصول کنندہ* بھی دیکھیں) وہ کمپنی جو *اصل قرض دہندگان* اور *موجودہ قرض دہندگان* سے *قرضے* خریدتی ہے اور اسے وصول کرنے کی کوشش کر سکتی ہے۔ قرض کے تمام خریدار نیویارک شہر کے صارفین سے قرض وصول کرنے کے لیے DCWP کی جانب سے بطور *قرض وصولی کی ایجنسی* لائسنس یافتہ ہونا لازمی ہیں۔	**Debt buyer** (See **Debt collector** also) A company that purchases *debts* from *original creditors* and *current creditors* and may attempt to collect them. All debt buyers must be licensed as a *debt collection agency* by DCWP to collect debts from New York City consumers.
قرض وصولی کی ایجنسی وہ کمپنی یا ادارہ جو موجودہ *قرض دہندہ* یا قرض کے مالک کی جانب سے *قرض* وصول کرنے کے لیے مقرر کیا گیا ہو۔ *قرض کے خریدار*، وصولی کے اٹارنیز، اور وصولی کی قانونی فرمیں بھی قرض وصولی کی ایجنسیوں کے زمرے میں آتی ہیں۔ تمام قرض وصولی کی ایجنسیاں DCWP سے لائسنس یافتہ ہونا لازمی ہیں۔	**Debt collection agency** A company or entity hired to collect *debts* on behalf of a *current creditor* or debt owner. *Debt buyers*, collection attorneys, and collection law firms also fall under the category of debt collection agencies. All debt collection agencies must be licensed by DCWP.
قرض وصول کنندہ (قرض کا خریدار، قرض وصولی کی ایجنسی، اور **قرض دہندگان** بھی دیکھیں) ایک نجی کمپنی یا فرد، بشمول قرض وصولی کے اٹارنی یا قانونی فرم، جو NYC کے صارفین سے واجب الادا ذاتی یا گھریلو *قرض* وصول کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ قرض وصول کنندہ درج ذیل حیثیت رکھ سکتا ہے: • قرض کا مالک ہو (مثال کے طور پر اگر وہ *اصل قرض دہندہ* ہے یا اس نے قرض کسی *قرض دہندہ* سے خریدا ہے) اور اپنی جانب سے قرض وصول کرے؛ یا • کسی قرض دہندہ یا دوسری کمپنی کی جانب سے قرض وصولی میں مدد کے لیے مقرر کیا گیا ہو۔ قرض وصول کنندگان پر لازم ہے کہ وہ NYC کے تمام قوانین، قواعد اور ضوابط کی پابندی کریں۔	**Debt collector** (See **Debt buyer**, **Debt collection agency**, **Creditors** also) A private company or individual, including a debt collection attorney or law firm, that seeks to collect overdue personal or household *debt* from NYC consumers. The debt collector may: • own the debt (for example, if they are the *original creditor* or if they purchased the debt from a *creditor*) and collect the debt on behalf of itself; or • be hired by a creditor or other company to assist in collecting the debt. Debt collectors must follow all NYC Laws, Rules and Regulations.
قرض کی تصفیہ کاری یا ادائیگی کا منصوبہ *قرض وصولی کی ایجنسی* کا ایک ایسا معاہدہ جس کے تحت واجب الادا *قرض* کو یا تو کم کردہ مکمل ادائیگی کے ذریعے یا طے شدہ جزوی ادائیگیوں کے ذریعے نمٹایا جاتا ہے۔ جب کوئی صارف قرض کو تصفیہ یا ادائیگی کے منصوبے کے ذریعے نمٹانے پر رضامند ہو جائے، تو قرض وصولی کی ایجنسی پر لازم ہے کہ وہ پانچ دن کے اندر صارف کو ایک خط بھیجے جس میں معاہدے کی تصدیق ہو۔خط میں درج ذیل معلومات شامل ہونا لازمی ہیں: • صارف کا نام اور پتہ؛ • تاریخ جب معاہدہ ہوا تھا؛ • *اصل قرض دہندہ* کا نام؛ • واجب الادا رقم اور ہر ادائیگی کی مقررہ تاریخ؛ • قرض وصولی کی ایجنسی کا نام؛ • *قرض وصول* کنندہ کے ملازم یا ملازم کے نگران کا نام جس نے معاہدہ کیا؛ • وہ پتہ جہاں صارف کو ادائیگیاں بھیجنی ہیں؛ اور • معاہدے کی کوئی دیگر شرائط و ضوابط	**Debt settlement or payment plan** An agreement by a *debt collection agency* to resolve the *debt* owed, either as a reduced payment in full, or as scheduled partial payments. After a consumer accepts to resolve the debt through a debt settlement or payment plan, the debt collection agency must send the consumer a letter confirming the agreement within five days. The letter must include: • name and address of the consumer; • date the agreement was made; • name of the *original creditor*; • amount due and the due date of each payment; • name of the debt collection agency; • name of the *debt collector* employee, or the employee's supervisor, who reached the agreement; • address where the consumer should mail payments; and • any other terms or conditions of the agreement.

قرض کی تصدیق وہ دستاویزات جو *قرض وصول کنندہ* صارف کو فراہم کرتا ہے تاکہ یہ ظاہر کیا جا سکے کہ *قرض* درست ہے، صارف پر واجب الادا ہے، اور رقم صحیح ہے۔ تمام صارفین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی قرض وصول کنندہ سے قرض وصولی کے عمل کے دوران کسی بھی وقت یہ معلومات طلب کر سکیں۔ اگر کوئی صارف تصدیق طلب کرے، تو قرض وصول کنندہ پر لازم ہے کہ وہ تمام وصولی کی سرگرمیاں اس وقت تک روک دے جب تک تصدیق فراہم نہ کر دی جائے۔ قرض وصول کنندگان پر لازم ہے کہ وہ صارف کی درخواست یا *اعتراض* کے 60 دن کے اندر تصدیق فراہم کریں، بصورت دیگر وہ اس قرض کی وصولی کا حق کھو دیتے ہیں (ماسوائے *اصل قرض دہندگان*)۔* صارف کی جانب سے قرض کی تصدیق کی درخواست پر، قرض وصول کنندہ پر لازم ہے کہ وہ اصل قرض دہندہ کی جانب سے جاری کردہ *اکاؤنٹ* کی اصل دستاویزات فراہم کرے جو اس ٹرانزیکشن کی تصدیق کرتی ہوں جس سے قرض وجود میں آیا۔ مثال کے طور پر، اصل قرض دہندہ کی جانب سے جاری کردہ حتمی اسٹیٹمنٹ (بل) کی ایک نقل جو واجب الادا رقم کو ظاہر کرتی ہو۔	**Debt Verification** Documentation that a *debt collector* provides to a consumer to show that a *debt* is valid, is owed by a consumer, and that the amount is correct. All consumers have the right to request this information from any debt collector at any time during the collection cycle. If a consumer requests verification, the debt collector must stop all collection activity until verification is provided. Debt collectors must provide verification within 60 days of a consumer's request or *dispute*, or they lose the right to collect on that debt (except *original creditors*).* In response to a consumer's request for debt verification, the debt collector must provide original *account* documentation issued by the original creditor confirming the transaction that created the debt. For example, a copy of a final statement (bill) by the original creditor showing the amount owed.
مقروض وہ صارف جو کسی *قرض دہندہ* کا مقروض ہو یا جس پر قرض واجب الادا ہونے کا دعویٰ کیا گیا ہو۔	**Debtor** A consumer who owes or is claimed to owe money to a *creditor.*
ڈیفالٹ *قرض* کی ادائیگی کی ذمہ داریوں کو پورا نہ کرنا۔	**Default** Failure to meet repayment obligations on a *debt*.
ڈیفالٹ فیصلہ (**فیصلہ** بھی دیکھیں) عدالت کا وہ حکم/فیصلہ جو اس صارف کے خلاف دیا جائے جس نے *قرض وصولی کے مقدمے* کا جواب نہ دیا یا عدالت میں پیش نہ ہوا۔ صارف عدالت سے درخواست کر سکتا ہے کہ وہ مقررہ مدت کے اندر دیے گئے ڈیفالٹ فیصلے کو کالعدم قرار دے۔ صرف ایک ڈیفالٹ فیصلہ کافی نہیں ہے کہ *قرض وصول کنندہ* اسے صارف کے *اعتراض* یا تصدیق کی درخواست کے جواب میں *قرض کی تصدیق* کے طور پر فراہم کرے۔†	**Default judgment** (See **Judgment** also) A court ruling/decision against a consumer who did not respond to or did not appear in a *debt collection lawsuit*. A consumer may ask the court to vacate the default judgement within a certain amount of time. A default judgment alone is not enough for a *debt collector* to provide as *debt verification* in response to a *dispute* or request for verification. †
قرض پر اعتراض کرنا (یعنی *قرض کو چیلنج کرنا* یا *قرض کی تصدیق کی درخواست کرنا*) وہ صارفین جو کسی *قرض* کو تسلیم نہیں کرتے یا اس بات سے اختلاف کرتے ہیں کہ وہ *قرض وصول کنندہ* کی جانب سے دعویٰ کردہ رقم کے مقروض ہیں، وہ کسی بھی وقت زبانی اور/یا تحریری صورت میں پورے یا جزوی قرض کو چیلنج کر سکتے ہیں۔ وفاقی، ریاستی اور نیویارک شہر کے قوانین کے تحت، صارفین کو یہ حق حاصل ہے کہ:	**Dispute a debt** (also *Contest a debt* or *Request verification of the debt*) Consumers who do not recognize a *debt* or disagree that they owe the amount of debt claimed by a *debt collector* may contest all or part of the debt in oral and/or in written format at any time. When disputing a debt under federal, state, and New York City laws, consumers have a right to:

* Takes effect on September 1, 2026.
(یہ 1 ستمبر 2026 سے نافذ العمل ہو گا۔)

† Takes effect on September 1, 2026.
(یہ 1 ستمبر 2026 سے نافذ العمل ہو گا۔)

- say they do not recognize the debt or owe the debt as claimed;
- request the name and address of the *original creditor* if different from the current one; and
- request that the debt collector provide information to show that the debt belongs to the consumer and/or that the amount is correct. (See *debt verification*.)

- وہ یہ کہہ سکیں کہ وہ قرض کو تسلیم نہیں کرتے یا دعویٰ کردہ قرض کے مقروض نہیں ہیں؛
- اگر موجودہ قرض دہندہ سے مختلف ہو تو *اصل قرض دہندہ* کا نام اور پتہ طلب کر سکیں؛ اور
- قرض وصول کنندہ سے یہ معلومات طلب کر سکیں کہ قرض واقعی صارف کا ہے اور/یا رقم درست ہے۔ (*قرض کی تصدیق دیکھیں*۔)

E

Electronic communications
Methods of contact other than verbal communication or hard copy mail. Electronic communications include email, text messages, instant messages, and social media.

Debt collectors must obtain consumer consent before contacting consumers by electronic communications to collect a *debt*.*

برقی مواصلات
رابطے کے وہ طریقے جو زبانی گفتگو یا کاغذی ڈاک کے علاوہ ہوں۔ برقی مواصلات میں ای میل، متن پیغامات، فوری پیغامات اور سوشل میڈیا شامل ہیں۔

قرض وصول کنندگان پر لازم ہے کہ وہ برقی مواصلات کے ذریعے *قرض* کی وصولی کے لیے صارف سے رابطہ کرنے سے پہلے ان کی رضامندی حاصل کریں۔*

Excessive calling (See **Collection communications** and **Harassment**)

ضرورت سے زیادہ کالنگ (**وصولی سے متعلق مواصلات** اور **براسانی** دیکھیں)

Exempt funds
Money that cannot be taken to satisfy a *judgment.* This can include but is not limited to Social Security, child support, and unemployment payments.

مستثنیٰ فنڈز
وہ رقم جو کسی *فیصلے* کی تکمیل کے لیے ضبط نہیں کی جا سکتی۔ اس میں سوشل سیکیورٹی، بچوں کی کفالت، اور بے روزگاری کی ادائیگیاں شامل ہو سکتی ہیں لیکن ان تک محدود نہیں ہے۔

Exempt Income Protection Act (EIPA)
New York State law that automatically protects a certain amount of money in a consumer's bank *account* from being frozen or seized by *debt collectors*.

Under the EIPA, the bank must provide a consumer with an Exemption Claim Form before freezing the consumer's bank account. The consumer may use this form to claim that the frozen funds are exempt.

The following funds (in alphabetical order) are typically exempt from being frozen or garnished under the EIPA:

- Black lung benefits
- Child support payments
- Public assistance (for example, Temporary Assistance for Needy Families)
- Public or private pensions
- Railroad Retirement Board benefits
- Social Security, including retirement, survivors, and Disability benefits
- Spousal support or maintenance
- Supplemental Security Income
- Unemployment Insurance
- Veterans Affairs benefits
- Workers' compensation

مستثنیٰ آمدنی کے تحفظ کا ایکٹ (EIPA)
نیویارک ریاست کا وہ قانون جو خودکار طور پر صارف کے بینک *اکاؤنٹ* میں موجود ایک مخصوص رقم کو *قرض وصول کنندگان* کی جانب سے منجمد یا ضبط کیے جانے سے محفوظ رکھتا ہے۔

EIPA کے تحت، بینک پر لازم ہے کہ وہ صارف کے بینک اکاؤنٹ کو منجمد کرنے سے پہلے اسے ایک استثنا دعویٰ فارم فراہم کرے۔ صارف اس فارم کو استعمال کر کے دعویٰ کر سکتا ہے کہ منجمد شدہ رقوم مستثنیٰ ہیں۔

درج ذیل فنڈز (حروفِ تہجی کی ترتیب میں) عام طور پر EIPA کے تحت منجمد یا ضبط ہونے سے مستثنیٰ ہوتے ہیں:

- بلیک لنگ کی مراعات
- بچوں کی کفالت کی ادائیگیاں
- عوامی اعانت (جیسے، ضرورت مند خاندانوں کے لیے عارضی اعانت)
- سرکاری یا نجی پنشنز
- ریل روڈ ریٹائرمنٹ بورڈ کی مراعات
- سوشل سیکیورٹی، بشمول ریٹائرمنٹ، متاثرین، اور معذوری سے متعلق مراعات
- شریکِ حیات کی کفالت یا گزارہ
- اضافی سیکیورٹی آمدنی
- بے روزگاری کی انشورنس
- سابق فوجیوں کے امور کی مراعات
- کارکنان کا معاوضہ

Takes effect on September 1, 2026.*
(یہ 1 ستمبر 2026 سے نافذ العمل ہو گا۔)

F

منصفانہ اور درست کریڈٹ ٹرانزیکشن کا ایکٹ (FACTA)
ایک ایسا وفاقی قانون جو صارفین کو یہ حق دیتا ہے کہ وہ صارفین کے ملک گیر تین *کریڈٹ بیوروز* میں سے ہر ایک سے ہفتہ وار مفت *کریڈٹ رپورٹ* طلب اور حاصل کر سکیں۔

صارفین **AnnualCreditReport.com** پر جا کر اپنی مفت آن لائن رپورٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

Fair and Accurate Credit Transaction Act (FACTA)
A federal law that allows consumers to request and obtain a free weekly *credit report* from each of the three nationwide consumer *credit bureaus*.

Consumers can visit **AnnualCreditReport.com** to get their free online report.

منصفانہ کریڈٹ رپورٹنگ کا ایکٹ (FCRA)
ایک وفاقی قانون جو *صارفی رپورٹنگ کی ایجنسیوں* کی فائلوں میں موجود معلومات کی درستگی، منصفانہ پن اور رازداری کو فروغ دیتا ہے۔ FCRA صارفین کو یہ حق بھی دیتا ہے کہ وہ اپنی *کریڈٹ رپورٹس* دیکھ سکیں اور ان میں موجود غلطیوں پر اعتراض کر سکیں۔

Fair Credit Reporting Act (FCRA)
A federal law that promotes the accuracy, fairness, and privacy of information in the files of *consumer reporting agencies*. The FCRA also gives consumers the right to see their *credit reports* and to dispute errors.

منصفانہ قرض وصولی کے طریقہ کار کا ایکٹ (FDCPA)
ایک ایسا وفاقی قانون جو *قرض داروں* کو ظالمانہ، غیر منصفانہ یا فریب دہ *قرض وصولی* کے طریقہ کار سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔

Fair Debt Collection Practices Act (FDCPA)
A federal law to protect *debtors* from abusive, unfair or deceptive *debt collection* practices.

جعلی قرض (**فینٹم قرض** دیکھیں)

Fake debt (See **Phantom debt**)

مالی معاونت کی پالیسی (**طبی قرض** بھی دیکھیں)
نیویارک کے تمام ہسپتالوں کے لیے لازم ہے کہ وہ اہل صارفین کو ایسا پروگرام فراہم کریں جس کے تحت طبی سامان یا خدمات کے اخراجات کم کیے جا سکیں یا معاف کیے جا سکیں۔

نیو یارک شہر کے تمام ہسپتالوں کے لیے مالی امداد کی پالیسی لازمی ہے۔ تمام *قرض وصول کنندگان* جو ہسپتالوں کی جانب سے وصولی کرتے ہیں، ان کے پاس ہسپتال کی مالی معاونت کی پالیسی دستیاب ہونا لازمی ہے۔

Financial assistance policy (See **Medical debt** also)
A program all hospitals in New York must offer to eligible consumers in order to reduce or forgive charges for medical goods or services.

All hospitals in New York City must have a financial assistance policy. All *debt collectors* collecting on behalf of hospitals must have the hospital's financial assistance policy available.

رابطوں کی تعداد (**وصولی سے متعلق مواصلات** دیکھیں)

Frequency of contacts (See **Collection communications**)

G

تنخواہ کی ضبطی / آمدنی پر عمل درآمد (**فیصلہ** بھی دیکھیں)
جب عدالت کسی آجر کو حکم دیتی ہے کہ وہ *قرض دہندہ* کو ادائیگی کے لیے ملازم کی اجرت روک لے۔ کسی *قرض وصول کنندہ* کے لیے لازم ہے کہ وہ تنخواہ کی ضبطی یا آمدنی پر عمل درآمد کرنے کے لیے عدالت کا حکم یا *فیصلہ* حاصل کرے۔

Garnishment / Income execution (See **Judgment** also)
When a Court orders an employer to withhold wages to pay a *creditor*. A *debt collector* must obtain a court order or *judgment* to carry out a garnishment or income execution.

H

ہراسانی
قرض وصولی کے لیے دباؤ ڈالنے، پریشان کرنے، دھمکانے یا بدسلوکی کرنے کا طریقہ استعمال کرنا۔

قرض وصول کنندگان صارفین کو ہراساں نہیں کر سکتے ہیں۔ غیر قانونی برتاؤ کی مثالوں میں شامل ہیں:

- تشدد کی دھمکی دینا؛
- فوجداری کارروائی کی دھمکی دینا؛
- فحش، نازیبا یا *غیر مہذب زبان* استعمال کرنا؛ اور
- بار بار یا مسلسل فون کالز یا ٹیکسٹ کرنا۔

Harassment
Using pressure, annoyance, intimidation, or abuse to collect on a *debt.*

Debt collectors may not harass consumers. Examples of illegal conduct are:

- Threatening violence;
- Threatening criminal action;
- Using obscene, profane, or *abusive language*; and
- Repeated or continuous phone calls or texts.

I

سود (قرض کی تفصیلی فہرست بھی دیکھیں) رقم ادھار لینے یا سامان و خدمات *کریڈٹ* پر خریدنے کی لاگت۔ سود عموماً واجب الادا رقم کے فیصد کے طور پر شمار کیا جاتا ہے۔ قانون بعض اوقات سود کو *قرض* کی قابل وصول رقم میں شامل کرنے کی اجازت دیتا ہے، مثلاً جب سود کسی *فیصلے* میں دی گئی رقم کا حصہ ہو۔	**Interest** (See **Itemization of a debt** also) The cost of borrowing money or buying goods or services on *credit*. Interest is typically calculated as a percentage of the amount due. The law may allow interest to be added to the collectable amount of the *debt*, such as when interest is included in the amount awarded in a *judgment*.
قرض کی تفصیلی فہرست *تصدیقی نوٹس* میں، واجب الادا رقوم کی فہرست یا تفصیل شامل ہونی چاہیئے، جس میں درج ذیل امور لازمی شامل ہوں: • قرض وصولی کے آغاز پر واجب الادا اصل رقم؛ • کسی *بھی جمع شدہ سود* کی مقدار؛ • وصولی کی دیگر کوئی *بھی فیسیں* اور چارجز؛ اور • صارف کی جانب سے کی گئی کوئی بھی ادائیگیاں۔	**Itemization of a debt** In a *validation notice,* a list or breakdown of the moneys owed that must include: • original amount owed when debt collection practices began; • amount of any *accrued interest*; • amount of any other *collection fees* and charges; and • any payments made by the consumer.

J

فیصلہ (مقدمہ، ڈیفالٹ فیصلہ اور **تنخواہ کی ضبطی/آمدنی پر عمل درآمد** بھی دیکھیں) ایک ایسا عدالتی حکم جو *مقدمے* کا نتیجہ بیان کرتا ہے۔	**Judgment** (see **Lawsuit, Default judgment** and **Garnishment/income execution** also) A court order stating the outcome of a *lawsuit*.
عدالتی فیصلہ قرض دہندہ کو یہ اجازت دیتا ہے کہ وہ *قرض دار* سے 20 سال تک وصولی کرے، جس میں *تنخواہ کی ضبطی* یا جائیداد کی قرقی بھی شامل ہو سکتی ہے۔	A judgment allows a *creditor* to collect from a *debtor* for up to 20 years, including by wage *garnishment* or property seizure.

L

زبان تک رسائی کی خدمات (انگریزی میں محدود مہارت بھی دیکھیں) ایسی کوئی بھی خدمت جو صارفین کو انگریزی کے علاوہ کسی اور زبان میں فراہم کی جائے۔ اس میں ترجمہ بھی شامل ہے۔	**Language access services** (See **Limited English Proficiency** also) Any service made available to consumers in a language other than English. This includes translation.
مقدمہ (فیصلہ اور **جواب** بھی دیکھیں) نیویارک ریاست کی عدالت میں ایک ایسا مقدمہ جس کا مقصد قرض وصولی کے دعوے کے نتیجے کا تعین کرنا ہے۔	**Lawsuit** (See **Judgment** and **Answer** also) A case before the New York State court to determine an outcome on the *debt collection* claim.
قانونی شکایت (مقدمہ، جواب، اور **فیصلہ** بھی دیکھیں) ایک قانونی دستاویز جو *قرض دہندہ/قرض کے مالک* یا ان کی نمائندگی کرنے والے وکیل کی جانب سے جمع کرائی جاتی ہے، جو مبینہ *قرض* کی وصولی کے لیے *مقدمہ* دائر کرنے کا آغاز کرتی ہے۔	**Legal Complaint** (See **Lawsuit, Answer,** and **Judgment** also) A legal document submitted by the *creditor/debt owner* or an attorney representing them that initiates a collection *lawsuit* to recover an alleged *debt*.
انگریزی میں محدود مہارت (LEP) (زبان تک رسائی کی خدمات بھی دیکھیں) ایک اصطلاح جو ان افراد کے لیے استعمال ہوتی ہے جو انگریزی کو اپنی بنیادی زبان کے طور پر نہیں بولتے اور جن کی انگریزی پڑھنے، بولنے، لکھنے یا سمجھنے کی صلاحیت محدود ہوتی ہے۔	**Limited English Proficient (LEP)** A term that refers to individuals who do not speak English as their primary language and who have a limited ability to read, speak, write, or understand English.
مقدمہ بازی (مقدمہ دیکھیں)	**Litigation** (See **Lawsuit**)

M

طبی قرض (مالی معاونت کی پالیسی بھی دیکھیں)
صارف کی مبینہ ذمہ داری کہ وہ ہسپتال، نگہداشت صحت کے ماہر یا ایمبولینس سروس کی جانب سے فراہم کردہ نگہداشت صحت کی خدمات، مصنوعات یا آلات کی ادائیگی کرے۔

طبی قرض میں وہ *قرض* شامل نہیں ہوتا جو کریڈٹ کارڈ پر چارج کیا گیا ہو، سوائے اس صورت میں کہ جب کریڈٹ کارڈ خاص طور پر نگہداشت صحت کی خدمات، مصنوعات یا آلات کی ادائیگی کے لیے جاری کیا گیا ہو۔

Medical debt (See **Financial assistance policy** also)
A consumer's alleged obligation to pay for health care services, products, or devices provided by a hospital, a health care professional, or an ambulance service.

Medical debt doesn't include *debt* charged to a credit card unless the credit card is issued specifically for the payment of health care services, products, or devices.

منی-میرانڈا انتباہ
ایک بیان جو *قرض وصول کنندگان* کو لازماً صارف کے ساتھ کسی *بھی وصولی سے متعلق مواصلات* کے آغاز پر دینا ہوتا ہے، خواہ وہ زبانی ہو یا تحریری۔

یہ انتباہ صارفین کو آگاہ کرتا ہے کہ مواصلت قرض وصول کنندہ کی جانب سے ہے جو قرض کی وصولی کی کوشش کر رہا ہے، اور یہ کہ ان کی کہی ہوئی کوئی بھی بات ریکارڈ کی جا سکتی ہے، نیز فراہم کردہ معلومات قرض کی وصولی کے لیے استعمال ہو سکتی ہیں۔

Mini-Miranda Warning
A statement that *debt collectors* must deliver at the start of any *collection communication* with a consumer, whether orally or in writing.

The warning informs consumers that the communication is from a debt collector attempting to collect the *debt*, that anything they say may be recorded, and any information they provide may be used to collect the debt.

غلط بیانی
قرض وصولی کے عمل میں جھوٹ پر مبنی، فریب دہ یا گمراہ کن طریقوں کا استعمال۔

قرض وصول کنندگان صارفین کے ساتھ غلط بیانی نہیں کر سکتے، بشمول:

- جھوٹا دعویٰ یا اشارہ دینا کہ قرض وصول کنندہ اٹارنی، قانونی دفتر، سرکاری ایجنسی، مارشل یا شیرف ہے؛
- جھوٹا دعویٰ یا اشارہ دینا کہ صارف نے جرم کیا ہے، یا یہ کہ قرض ادا نہ کرنے پر صارف کو گرفتار یا قید کیا جائے گا، یا صارف کی جائیداد یا تنخواہ *ضبط*، قرق یا فروخت کی جائے گی، جب تک کہ یہ عمل قانونی نہ ہو اور قرض وصول کنندہ *یا قرض دہندہ* واقعی اس کو آگے بڑھانے کا ارادہ نہ رکھتا ہو؛ یا
- غلط *کریڈٹ* معلومات کو *کریڈٹ بیورو* کو رپورٹ کرنا یا اس کی رپورٹ کرنے کی دھمکی دینا۔

Misrepresentation
The use of false, deceptive, or misleading practices in *debt collection*.

Debt collectors may not make misrepresentations to consumers, including:

- falsely representing or implying that the debt collector is an attorney, legal office, government agency, marshal, or sheriff;
- falsely representing or implying that the consumer committed a crime, or that nonpayment of any *debt* will result in the consumer's arrest or imprisonment or the seizure, *garnishment*, attachment, or sale of the consumer's property or wages unless the action is lawful and the debt collector or *creditor* intends to pursue it; or
- reporting, or threatening to report, inaccurate *credit* information to a *credit bureau*.

O

پرانا قرض (وقت گزرنے کے بعد ناقابل نفاذ قرض اور **مدتِ تحدید** دیکھیں)

Old debt (See **Time-barred debt** and **Statute of limitations**)

اصل قرض دہندہ (قرض دہندہ بھی دیکھیں)
وہ شخص یا کاروبار جس نے اصل خدمت، مصنوعات یا قرض فراہم کیا ہو، جو بعد میں قرض وصولی کی کوشش کا ماخذ بنتا ہے۔

Original creditor (See **Creditor** also)
A person or business that provided the original service, product, or credit that is the source of a *debt* collection attempt.

بقایا بیلنس (موجودہ بیلنس دیکھیں)

Outstanding balance (See **Current balance**)

P

تنخواہ کے دن والے قرضے قلیل مدتی، بلند شرحِ *سود* والے قرض جنہیں صارفین اپنی اگلی تنخواہ پر واپس کرنے کے پابند ہوتے ہیں۔ تنخواہ کے دن والے قرض نیو یارک ریاست میں غیر قانونی ہیں۔	**Payday Loans** Short-term, high-*interest* loans that consumers are required to repay on their next paycheck. Payday loans are illegal in New York State.
فینٹم قرض (*جعلی قرض* بھی) ایسا قرض جو گھڑا گیا ہو اور جس کا صارف پر کوئی حقیقی واجب الادا حق نہ ہو۔ اگر کوئی صارف کسی قرض کو تسلیم نہ کرے یا یہ نہ مانے کہ وہ اس قرض کا ذمہ دار ہے، تو اسے حق حاصل ہے کہ وہ *قرض پر اعتراض* کرے اور *قرض وصول کنندگان* سے *قرض کی تصدیق* حاصل کرے۔	**Phantom debt** (also *Fake debt*) *Debt* that is made up and that a consumer does not owe. If a consumer does not recognize a debt or believe they owe that debt, they have a right to *dispute a debt* and receive *debt verification* from *debt collectors.*
زر اصل *قرض* کی ابتدائی مقدار یا وہ رقم جو صارف کی جانب سے ابھی تک ادا نہیں کی گئی۔ اس میں *وصولی کی فیسیں* اور *سود* شامل نہیں ہے۔	**Principal** The initial amount of the *debt* or the amount that remains unpaid by a consumer. It does not include *collection fees* and *interest*.

S

اسکیمز ایسی اسکیم جس کے ذریعے صارف کو دھوکہ دے کر یا فریب سے اس قرض کی ادائیگی پر مجبور کیا جائے جو دراصل جعلی ہو اور صارف پر واجب الادا نہ ہو۔ اسکیمرز صارفین کو فوجداری الزامات کی دھمکی دے سکتے ہیں یا قرض وصولی کی ایجنسی، *اصل قرض دہندہ*، یا *قرض* کے بارے میں معلومات فراہم کرنے سے انکار کر سکتے ہیں۔ قانونی *قرض وصول کنندگان* کو لازماً اپنی کمپنی کا نام، ڈاک کا پتہ، ٹیلی فون نمبر، *DCWP لائسنس نمبر*، اور قرض سے متعلق معلومات فراہم کرنا ہوتی ہیں۔ یہ ایک بہتر عمل ہے کہ آپ ہمیشہ یہ درخواست کریں کہ معلومات تحریری صورت میں اس پتے پر بھیجی جائیں جو قرض وصول کنندہ کے ریکارڈ میں پہلے سے موجود ہے، اس سے پہلے کہ آپ قرض پر گفتگو کریں۔	**Scams** A scheme to defraud or trick a consumer into paying a *fake debt* the consumer does not owe. Scammers may threaten consumers with criminal charges or refuse to give information about the *debt collection agency*, the *original creditor*, or the *debt*. Legitimate *debt collectors* must provide their company name, mailing address, telephone number, *DCWP license number*, and information about the debt. It is good practice to always ask for information to be sent in writing to the address that the debt collector should already have on file before you discuss the debt.
مدتِ تحدید (*وقت گزرنے کے بعد ناقابلِ نفاذ قرض* یا *پرانا قرض* بھی) ایک ایسی مقررہ مدت جس کے بعد *قرض وصول کنندہ* مزید *قرض* کی وصولی کے لیے *مقدمہ* دائر نہیں کر سکتا۔ نیویارک میں صارفین کے قرض کے سلسلے میں مقدمہ دائر کرنے کی قانونی مدت تین سال ہے۔ قرض وصول کنندگان کسی *پرانے قرض* کی وصولی کی کوشش نہیں کر سکتے جس کی مدتِ تحدید ختم ہو چکی ہو، جب تک کہ وہ پہلے صارفین کو تحریری طور پر یہ اطلاع نہ دیں کہ[*]: • قرض کی وصولی کے لیے مقدمہ دائر کرنے کی قانونی مدت (مدتِ تحدید) ختم ہو جائے؛ • وفاقی قانون کے تحت پرانے قرض کے لیے صارف پر مقدمہ کرنا یا دھمکی دینا غیر قانونی ہے؛ اور • اگر غیر قانونی طور پر مقدمہ کیا جائے تو صارفین عدالت کو مطلع کر کے اپنا دفاع کر سکتے ہیں کہ مدتِ تحدید ختم ہو چکی ہے، تاکہ *قرض دہندہ* کو *عدالتی فیصلہ* حاصل کرنے سے روکا جا سکے۔	**Statute of Limitations** (also *Time-barred debt or Old debt*) A certain time after which a *debt collector* may no longer file a *lawsuit* to collect on a *debt*. The New York time limit to sue for consumer debt is three years. Debt collectors may not attempt to collect an *old debt* whose statute of limitations has passed unless they first inform consumers in writing that[*]: • the legal time limit (statute of limitations) to sue to collect the debt has expired, • it is illegal under federal law to sue or threaten to sue a consumer for an old debt; and • if sued illegally, consumers may defend the case by informing the court that the statute of limitations has expired to prevent the *creditor* from obtaining a *judgment*.
قرض کی توثیق (**قرض کی تصدیق** دیکھیں)	**Substantiation of a debt** (See **Debt verification**)

Takes effect on September 1, 2026.[*]
(یہ 1 ستمبر 2026 سے نافذ العمل ہو گا۔)

T

وقت گزرنے کے بعد ناقابل نفاذ قرض (**مدتِ تحدید** یا **پرانا قرض** دیکھیں)

Time-barred debt (See **Statute of limitations** or **Old debt**)

ٹریڈ لائن

صارف کی *کریڈٹ رپورٹ* پر کریڈٹ *اکاؤنٹ* کے لیے ایک اصطلاح۔ ہر بار جب صارف کو *کریڈٹ* کی منظوری ملتی ہے تو ایک الگ ٹریڈ لائن درج کی جاتی ہے۔ ٹریڈلائن میں بلا تحدید درج ذیل شامل ہیں:

- کریڈٹ کی حدود؛
- موجودہ *بیلنس*؛
- ادائیگی کی ہسٹری؛ اور
- قرض خواہ *یا اصل قرض دہندگان کے نام اور پتے*۔

Tradeline

A term for a credit *account* on a consumer's *credit report*. There is a separate tradeline each time a consumer is approved for *credit*. Tradelines include, but are not limited to:

- credit limits;
- *current balance*;
- payment history; and
- lender or *original creditor* names and addresses.

U

قرض کا غیر مصدقہ نوٹس

تحریری نوٹس جو قرض وصول کنندہ کو لازماً 60 دن کے اندر صارف کی جانب سے تنازعہ یا *قرض کی تصدیق* کی درخواست موصول ہونے پر بھیجنا ہوتا ہے۔*

صارفین کو چاہیئے کہ اس نوٹس کی ایک نقل محفوظ کریں اور اسے کسی بھی دوسرے قرض وصول کنندہ کو بھیجیں جو *قرض* کی وصولی کی کوشش کرے۔

Unverified debt notice

A written notice that the *debt collector* must send within 60 days of receiving the consumer's *dispute* or *debt verification* request.*

Consumers should save a copy of this notice and send it to any other collector that attempts to collect on the *debt*.

V

تصدیقی نوٹس

وہ خط جو *قرض وصول کنندہ* کو لازماً صارفین کو پانچ دن کے اندر بھیجنا ہوتا ہے، جب وہ پہلی بار *قرض* کے سلسلے میں رابطہ کرے، اس خط میں قرض سے متعلق عمومی معلومات اور صارف کے حقوق درج ہوتے ہیں۔

اس نوٹس میں صارفین کو لازماً بتایا جانا چاہیئے کہ انہیں *قرض پر اعتراض* کرنے اور قرض وصول کنندہ سے کسی بھی وقت *وصولی کے عمل* کے دوران *قرض کی تصدیق* طلب کرنے کا حق حاصل ہے۔ صارفین قرض پر اعتراض کر سکتے ہیں یا قرض کی تصدیق طلب کر سکتے ہیں، زبانی طور پر یا ان تمام طریقوں سے جنہیں قرض وصول کنندہ قرض کی وصولی کے لیے استعمال کرتا ہے۔

Validation notice

A letter a *debt collector* must mail to consumers within five days after first contacting them in relation to a *debt* that discloses general information about the debt and the consumer's rights.

This notice must tell consumers they have a right to *dispute a debt* and to request *debt verification* from the debt collector at any time in the *collection* process. Consumers can dispute a debt or request debt verification orally or in any of the ways that the debt collector uses to collect upon a debt.

Z

زومبی قرض

وہ قرض جس کی وصولی کے لیے *قرض وصول کنندہ* طویل عرصے کے بعد اچانک کوشش کرے۔ یہ اصطلاح اس قرض کی دوبارہ بحالی کی طرف اشارہ کرتی ہے جو ختم ہو چکا تھا۔

زومبی قرض میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:

- وہ قرض جس کا پہلے ہی تصفیہ ہو گیا ہے؛
- *دیوالیہ پن کے خاتمے* سے خارج شدہ قرض؛

Zombie debt

Debt that a *debt collector* suddenly seeks to collect after a long period of time. The term refers to the debt's resurrection from the dead.

Zombie debt may include:

- debt already settled;
- debt from a *bankruptcy discharge*;

Takes effect on September 1, 2026.*
(یہ 1 ستمبر 2026 سے نافذ العمل ہو گا۔)

• وقت گزرنے کے بعد ناقابل نفاذ قرض؛ • ایسا قرض جو صارف کی *کریڈٹ رپورٹ* میں مزید ظاہر نہیں ہوتا ہو؛ اور • ایسا قرض جو کبھی واجب الادا ہی نہیں تھا۔	• *time-barred debt*; • debt that no longer shows up on a consumer's *credit report*; and • debt that was never owed.
صارفین کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ *قرض پر اعتراض* کریں اور قرض وصول کنندہ سے *قرض کی تصدیق* فراہم کرنے کا مطالبہ کریں۔	Consumers have a right to *dispute a debt* and request that the debt collector provide *debt verification.*